سوال

(482)حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی عمر

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کتنی عمر میں وفات پائی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ پیدائش میں اختلاف ہے ۔ ابو جعفر باقر کا کہنا ہے ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر 35سال تھی اور کعبہ زیر تعمیر تھا جب فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پیدا ہوئی اور عبید اللہ بن محمد بن سلیمان بن جعفر ہاشمی کا قول ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر 41سال تھی جب فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ولادت ہوئی بعثت سے ایک سال یا کچھ زیادہ عرصہ پہلے ولادت ہوئی حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے قریباً پانچ سال بڑی تھیں ۔ 2ہجری اوائل محرم میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ان کا نکاح ہوا اور تاریخ وفات بقول واقدی منگل کی رات 3رمضان 11ہجری ہے ۔ (الاصابة لابن حضرت 4/365)

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص769

محدث فتویٰ